تعارف و تبصرۂ کتب

نام کتاب ملک شاہ سلجوقی
مصنف طالب ہاشمی
صفحات ۳۶۳
ناشر قومی کتب خانہ (رجسٹرڈ) ریلوے روڈ۔ لاہور
قیمت بارہ روپے

سلجوقیوں کا دورِ حکومت تاریخِ اسلام کا ایک تابناک باب ہے۔ ان کا ظہور ایک ایسے وقت میں ہوا جب خلافتِ عباسیہ کا ضعف انتہا کو پہنچ چکا تھا اور دشمنانِ اسلام کی للچائی ہوئی نظریں مسلمان ممالک پر پڑ رہی تھیں۔ اسی پُر آشوب زمانے میں سلجوقی اسلام کا بازوئے شمشیر زن بن کر جریدۂ عالم پر ابھرے اور دیکھتے ہی دیکھتے سارے ایشیا پر چھا گئے۔ انھوں نے نہ صرف عباسی خلافت کو مٹنے سے بچایا، بلکہ مسلمانوں کو ایک ایسی قوت بنا دیا کہ اعدائے اسلام ان کا نام سن کر تھرّانے لگے۔ اس کے ساتھ ہی انھوں نے علم و ہنر اور تہذیب و تمدن کے ایسے چراغ روشن کیے کہ ساری دنیا ان سے روشن ہو گئی۔ سلطان ملک شاہ کے عہد میں سلجوقیوں کی حکومت اپنے نقطۂ عروج پر پہنچ گئی تھی اور مشرق و مغرب کے کسی فرمانروا کو ملک شاہ کی ہمسری کا یارا نہیں تھا۔ مشہور ادیب اور سوانح نگار جناب طالب ہاشمی مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انھوں نے اس عظیم مسلم فرمانروا کے حالات پہلی بار اردو زبان میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ قلمبند کیے ہیں۔ ان کی ترتیب و تدوین میں انھوں نے بلا مبالغہ بڑی جانکاہی اور دیدہ ریزی سے کام لیا ہے۔ کتاب میں ملک شاہ کے نامور آباؤ اجداد اور اس دور کے متعدد اہلِ کمال کے حالات بھی درج ہیں۔ مزید براں ملک شاہ کی وسیع و عریض سلطنت کا ایک رنگین نقشہ بھی کتاب کے شروع میں شامل کر دیا گیا ہے۔ اس سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اندازِ نگارش بڑا شگفتہ اور دلآویز ہے۔ فاضل